# آزاد جموں وکشمیر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میرپور

## نوٹیفکیشن

جملہ سربراہان ایلیمنٹری کالجز آزاد جموں وکشمیر (برائے تربیت اساتذہ) کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تربیت اساتذہ او ٹی رڈرائینگ راگیرولیک رڈی پی ای کے داخلہ کا شیڈول تعلیمی سیشن 2023-24 کے لئے حسب ذیل ہوگا۔

| شیڈول داخلہ | فیس | آخری تاریخ داخلہ | فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ | رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں وصولی کی آخری تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| پہلا مرحلہ | -/2500 روپے فی امیدوار | 10-11-2023 | 30-11-2023 | 15-12-2023 |
| دوسرا مرحلہ | -/4500 روپے فی امیدوار | 21-11-2023 | 12-12-2023 | 20-12-2023 |
| تیسرا مرحلہ خصوصی داخلہ (بعد از منظوری جناب چیئرمین اس کے بعد داخلہ کی قطعاً اجازت نہ ہوگی۔ | -/6500 روپے فی امیدوار | 30-11-2023 | 25-12-2023 | 29-12-2023 |

داخلہ جات کی رجسٹریشن فیس ہر مرحلہ کے داخلہ کی مدت کے اختتام پر دیے گئے شیڈول کے مطابق حبیب بینک میں جمع کروا کر رجسٹریشن ریٹرن معہ تصدیق شدہ نقل رزلٹ کارڈ اصل چالان رسید اندر معیاد دفتر بورڈ پہنچائی جائے۔ انفرادی معاملات ارسال نہ کیے جائیں۔ شیڈول کے برعکس دیے گئے داخلے مسترد کیے جائیں گے اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ جنرل رجسٹریشن ریٹرن یا فیس تاخیر سے دفتر بورڈ میں موصول ہونے پر پہلے ماہ مبلغ -/2000 روپے اور اس کے بعد مبلغ -/300 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ ناگزیر صورت میں انفرادی کیسز ارسال کرنے پر 3 تا 10 گنا جرمانہ وصول کیا جائے گا، جس کا تعین جناب چیئرمین کریں گے۔

## فیس

رجسٹریشن فیس مبلغ -/2000 روپے + سند فیس مبلغ -/500 روپے کل مبلغ -/2500 روپے فی طالب علم وصول کی جائے گی۔ ریٹرن میں درج تعداد طلباء رطالبات کے مطابق رجسٹریشن فیس ارسال کی جائے۔ زائد ارسال کردہ فیس ضبط تصور ہوگی۔

## رجسٹریشن ریٹرن کی تکمیل اور ضروری ہدایات

رجسٹریشن ریٹرن بورڈ کی طرف سے مہیا کردہ اصل فارم پر ہی مرتب کی جائے۔ ریٹرن پر تیار کنندہ رپڑتال کنندہ اور پرنسپل کے دستخط معہ مہر ثبت ہونا ضروری ہیں۔

1- دوسرے بورڈ کی علاقائی حدود سے آنے والے طلباء وطالبات کی رجسٹریشن ریٹرن مائیگریشن سرٹیفکیٹ (NOC) کے بغیر قبول نہ ہوگی۔

2- رجسٹریشن ریٹرن پر کوائف بمطابق میٹرک ریکارڈ بحروف انگریزی (Capital words) میں بدوں قطع وبرید تحریر کیے جائیں۔ **فلیوڈ اور کٹنگ والی ریٹرن قبول نہ ہوگی۔** نیز رول نمبر اور سیشن کا اندراج بھی واضح کیا جائے۔

3- رجسٹریشن ریٹرن میں کوائف کی غلطی رکالم چھوٹ رتضاد کی درستگی رنامکمل کوائف رعدم فراہمی مطلوبہ دستاویزات اور نام رولدیت اور ہجوں کی درستی کے لئے تحت قواعد مبلغ -/1000 رروپے فیس فی غلطی وصول کی جائے گی۔

4- ان سروس ٹرینی اور پری سروس ٹرینی کی رجسٹریشن ریٹرن الگ الگ مرتب کی جائے ان سروس ٹرینی کے احکام تقرری رماموری اور میٹرک رانٹر کی اسناد کی مصدقہ نقول اور پری سروس ٹرینی کی میٹرک رانٹر کی اسناد کی مصدقہ نقول رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ ارسال کی جائیں، بصورت دیگر ریٹرن قابل قبول نہ ہوگی۔

5- O.T کا کورس ایک سال کا ہوگا اس میں وہی امیدوار داخلہ کا اہل ہوگا جو کہ:

(i)- FA معہ عربی ہو۔

(ii)- عالم فاضل عربی ہو اور انٹرمیڈیٹ سطح کے تین لازمی مضامین اردو، انگریزی، مطالعہ پاکستان پاس ہو۔

(iii)- شہادۃ الثانویہ الخاصہ کی سند کے علاوہ انٹرمیڈیٹ سطح کے تین لازمی مضامین اردو، انگریزی، مطالعہ پاکستان پاس ہو۔

(iv)- شہادۃ العالیہ کی سند کے علاوہ انٹرمیڈیٹ سطح کے تین لازمی مضامین اردو، انگریزی، مطالعہ پاکستان پاس ہو۔

(v)- شہادۃ العالمیہ کا سند یافتہ ہو۔

**شہادۃ الثانویہ الخاصہ و شہادۃ العالیہ اور شہادۃ العالمیہ کی اسناد درج ذیل دینی مدارس کی ہی قابل قبول ہونگی:**

۱- تنظیم المدارس

۲- وفاق المدارس (سلفیہ، شیعہ، العرابیہ۔)

۳- جامعہ اسلامیہ منہاج القرآن لاہور۔

۴- جامعہ تعلیمات اسلامیہ فیصل آباد

۵- جامعہ اشرفیہ فیروز پورہ روڈ لاہور۔

۶- دارالعلوم محمدیہ غوثیہ سرگودھا۔

۷- دارالعلوم، کورنگی کراچی

۸- رابطۃ المدارس اسلامیہ منصورہ روڈ لاہور۔

«جاری ہے»

## ایگروٹیک۔

ایگروٹیک میں داخلہ کے لئے بنیادی تعلیمی قابلیت ایف اے سیکنڈ ڈویژن ہونا ضروری ہے، اگر کوئی امیدوار ایف اے تھرڈ ڈویژن مگر بی اے سیکنڈ ڈویژن ہو تو اس کو بھی داخلہ دے دیا جائے۔

## ڈپلومہ ان فزیکل ایجوکیشن۔

ڈی پی ای میں داخلہ کے لیے ایف اے پاس اور جسمانی طور پر فٹ ہو۔

## ڈرائنگ۔

ڈرائنگ میں داخلہ کے لیے میٹرک مع ڈرائنگ سیکنڈ ڈویژن ہونا ضروری ہے۔

**نوٹ:** حکومتی فیصلہ کی روشنی میں ایسوسی ایٹ ڈگری ان ایجوکیشن کے اجراء کے بعد ڈپلومہ ان ایجوکیشن کا امتحان تعلیمی بورڈ منعقد نہیں کرے گا۔لہذا اس کورس میں کسی بھی امیدوار کو داخلہ نہ دیا جائے۔

18.9.23

(ساجد عزیز نور)

سیکریٹری

نمبر بورڈ رجسٹریشن/ 78—6828 / 2023 مورخہ: 2023—09—18

**نقل بالا بخدمت:**

1۔ پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب سیکریٹری (ہائیر ایجوکیشن/ ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
2۔ جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات کالجز آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
3۔ جناب ناظم اعلیٰ ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن (مردانہ/زنانہ)/ٹیکنیکل آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
4۔ جناب ناظم اعلیٰ نظامت تحقیق وترقی نصاب مظفر آباد۔
5۔ جناب ڈویژنل ڈائریکٹر کالجز/سکولز مظفر آباد/میر پور/پونچھ۔
6۔ پرنسپل صاحبان/صاحبات (جملہ ایلیمنٹری کالجز ضلع نیلم، مظفر آباد، باغ، راولاکوٹ، سدھنوتی، کوٹلی، میر پور، بھمبر بغرض کارروائی۔
7۔ پرنسپل صاحب نیشنل ایگروٹیک کالج مظفر آباد بغرض اطلاع
8۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صاحبان/صاحبات ضلع میر پور/بھمبر/کوٹلی/سدھنوتی/پونچھ/باغ/مظفر آباد/نیلم/حویلی رھٹیاں بالا۔
9۔ کنٹرولر صاحبان امتحانات پنجاب بورڈز۔
10۔ کنٹرولر صاحبان کالجز/سکولز بورڈ ہذا۔
11۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میر پور بغرض اشاعت بطور خبر
12۔ جناب ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میر پور/مظفر آباد۔
13۔ نمائندگان PTV/APP، روزنامہ نوائے وقت/جنگ/پاکستان/اوصاف/خبریں/دن/شاہین/محاسب بغرض اشاعت بطور خبر۔
14۔ نیوز آڈیٹر صاحب FM 90 میر پور۔
15۔ داخلی تقسیم/آفس آرڈر فائل/مسل متعلقہ/نوٹس بورڈ